# اس کرسمس پر اپنے خاندان کے ساتھ سفر



# آمد

پیبلز اینڈ سٹونز کی طرف سے

ایک دعائیہ کتاب

# اس کرسمس پر اپنے خاندان کے ساتھ سفر



# آمد

پیبلز اینڈ سٹونز کی طرف سے

ایک دعائیہ کتاب

اُردو میں مقدس بائبل کے حوالے نظرِثانی شدہ ورژن سے لیے گئے ہیں۔ کاپی رائٹ 2011ء، پاکستان بائبل سوسائٹی، پاکستان بائبل سوسائٹی کی اجازت سے استعمال کیا گیا۔

2024 © کیتھلین ٹروک-مولہوک. تمام حقوق محفوظ ہیں ISBN: 978-0-9914752-6-1 . یہ دعائیہ کتاب کاپی رائٹ کے تحت ہے اور تمام حقوق کیتھلین ٹروک-مولہوک کے پاس محفوظ ہیں۔ اس مواد کو کسی بھی صورت میں کیتھلین ٹروک-مولہوک کی تحریری اجازت کے بغیر دوبارہ پیش یا منتقل نہیں کیا جا سکتا۔"

**مصنفین**

کیتھلین ٹروک۔ مولھوک

رائنا سٹیگ

**ڈیزائن اور لے آؤٹ**

شیبت کیونونس

کیتھلین ٹروک۔ مولھوک

رائنا سٹیگ

سیلاس ناش


اشاعت شدہ

پیبلز اینڈ سٹونز

# فہرست


| | |
|---|---|
| تعارف | 9 |
| بڑے گروہوں کے لیے کس طرح ایڈجسٹ کریں | 12 |
| پہلا ہفتہ: امید | 13 |
| دوسرا ہفتہ: خوشی | 14 |
| تیسرا ہفتہ: محبت | 15 |
| چوتھا ہفتہ: امن | 16 |
| کرسمس کا دن | 17 |
| ضمیمہ A: نجات کی دعا. | 18 |

# تعارف

ایک دنیامیں جو رنگینیوں، روشنیوں، اور سانٹا کلاز سے مرعوب ہے، آمد کا موسم دنیا بھر کے ایمانداروں کے لیے یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ یسوع، ہمارے نجات دہندہ، کی پیدائش پر غور و فکر کریں

"اِس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہُوا

اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی

اور اُس کا نام عجیب مشیر خُدایِ قادِر ابدیت کا باپ

سلامتی کا شاہزادہ ہو گا۔"

یسعیاہ 9:6

یہ 5 اسباق پر مشتمل بین النسلی تعلیمی مواد، آمد، مختلف عمروں کے لوگوں کو اس اہم واقعے کی اہمیت پر غور کرنے میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے—کہ وعدہ کیا گیا مسیحا ایمانوئیل، خدا ہمارے ساتھ، کے طور پر آیا تاکہ اپنے لوگوں کو ان کے گناہوں سے بچائے (متی 1:21-23)۔ یہ آمد کے پہلے اتوار (1 دسمبر) سے شروع ہوتا ہے، اگلے تین اتواروں تک جاری رہتا ہے، اور کرسمس کے دن اپنے عروج کو پہنچتا ہے۔

یہ تعلیمی مواد مذہبی تقویم کی پیروی کرتا ہے جس میں روایتاً، چار موم بتیاں جلائی جاتی ہیں تاکہ امید، خوشی، امن، اور محبت کے موضوعات کی نمائندگی کی جا سکے، اور پانچویں موم بتی کرسمس کے دن جلائی جاتی ہے تاکہ مسیح کی نمائندگی کی جا سکے۔ جب ہم یسوع کی پیدائش سے متعلق پیشگوئیوں پر غور کرتے ہیں، جن میں یسعیاہ کو دی گئی پیشگوئیاں، مریم کے پاس فرشتہ کا آنا، اور لوقا کی طرف سے درج کردہ دیگر واقعات شامل ہیں، یہ تعلیمی مواد آپ اور آپ کے خاندان (یا چھوٹے گروپ، اسکول، کلیسیا، وغیرہ) کو کہانی کے ساتھ منسلک ہونے میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے تاکہ یہ سن سکیں کہ خدا بائبل کی کہانیوں کے ذریعے آپ سے کیا کہہ رہا ہے اور ان تاثرات کو ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کر سکیں۔

ہر 20 منٹ کے تعلیمی مواد کے چار اہم حصے ہیں:

- ابتدائی سوال
- بائبل کی کہانی
- دعامیں سننا اور جرنلنگ
- شیئرنگ اور دعا کرنا

جب آپ ان اسباق کو اپنے خاندان (یا چھوٹے گروپ، کلیسیا، وغیرہ) کے ساتھ استعمال کرنا شروع کرتے ہیں، ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ایک خوشگوار ماحول بنائیں اور، اگر ممکن ہو، تو سب کو دائرے میں بٹھائیں۔ آپ ان سے متعارف کرا سکتے ہیں کہ آپ کیوں جمع ہو رہے ہیں اور آپ کیا کریں گے۔

اگر آپ کو مزید مدد چاہیے یا کسی اور چیز کی مزید وضاحت کی ضرورت ہو تو ہمیں بتائیں!



ابتدائی سوال (5 منٹ)

ہر سبق کا آغاز ابتدائی سوال پوچھنے سے کریں، جو ہر ایک کو بائبل کی کہانی سے ذاتی تعلق فراہم کرتا ہے۔ یہ سب کو ایک دوسرے کو جاننے میں بھی مدد دیتا ہے۔

سوال پوچھنے کے بعد، یقینی بنائیں کہ ہر شخص کو جواب دینے کا موقع ملے۔ کسی سے زبردستی جواب نہ لیں۔ آپ چاہیں تو پہلے اپنا جواب شیئر کر کے آغاز کریں۔ جب سب نے اپنا جواب شیئر کر لیا ہو، تو اپنے خاندان (یا گروپ) کے جوابات کو بائبل کی کہانی کی طرف لے جائیں۔




### بائبل کی کہانی (5-10 منٹ)

بائبل کی کہانی شیئر کریں؛ ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ بائبل کو استعمال کریں جب آپ یہ کہانی سناتے ہیں۔ ہر تعلیمی مواد میں اہم واقعات کو نقاط کی صورت میں شامل کیا گیا ہے، لیکن ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ کہانی کو پہلے سے پڑھ لیں تاکہ آپ اسے دلکش طریقے سے بیان کر سکیں۔
کہانی سناتے وقت زیادہ وضاحت یا اطلاق شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگلے حصے: دعائیں سننا اور جرنلنگ کے دوران، ہر شخص کے لیے خاص طور پر روح القدس کو تعلیم دینے، قائل کرنے، اور حوصلہ افزائی کرنے کی جگہ چھوڑ دیں۔



### دعائیں سننا اور جرنلنگ (5-10 منٹ)

یقینی بنائیں کہ ہر کسی کے پاس کاغذ اور رنگ ہوں (یا دیگر مواد) تاکہ وہ لکھ سکیں یا بنا سکیں جو خدا ان سے کہہ رہا ہے۔ آپ پس منظر میں ساز بھی چلا سکتے ہیں؛ اگر ایسا کرتے ہیں تو یقینی بنائیں کہ اس میں کوئی شناسا دھن یا بول نہ ہوں۔ یہ توجہ بھٹکانے کا باعث بن سکتے ہیں۔
سب کو کُلی طور خاموش ہونے کی ترغیب دیں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اس وقت کا آغاز دعا کر کے کریں اور روح القدس سے دعا کریں کہ وہ ہر شخص سے اس کلام کے ذریعے بات کرے جو شیئر کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کچھ اس طرح دعا کر سکتے ہیں:
پیارے خداوند، ہیلو، یہ میں ہوں۔ میں آپ کے ساتھ وقت گزارنے آیا ہوں۔ میں آپ کو بہت سی باتیں بتانا چاہتا ہوں، اور میں سننا چاہتا ہوں جو آپ مجھ سے کہنا چاہتے ہیں۔ جب میں آج کی بائبل کی کہانی پر غور کرتا ہوں، تو میری مدد کریں کہ میں جو آپ اس کے ذریعے مجھ سے کہہ رہے ہیں سن سکوں۔
سب کو آغاز کرنے میں مدد دینے کے لیے، انہیں مندرجہ ذیل سوالات پر غور کرنے کی ترغیب دیں : بائبل کی کہانی کے ذریعے، خدا آپ سے کیا کہہ رہا ہے

- ...اپنے بارے میں؟
- آپ کے بارے میں؟
- دوسروں کے بارے میں؟
- کیا کچھ ہے جو وہ آپ سے کرنے کو کہہ رہا ہے؟

آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔



### شیئر نگ اور دعا کرنا (10 منٹ)

ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ اپنی ڈائری کا صفحہ یا اپنے خدا کے ساتھ بات چیت کے بارے میں بتائے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے ساتھ بیٹھے لوگ نرمی سے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھیں۔ ہمیشہ پہلے اجازت لیں۔ اور دعا کریں، اور دعا کے دوران روح القدس کی ہدایت پر بھروسہ کریں۔

اگر کوئی شیئر کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرے، تو اسے مجبور نہ کریں۔ پوچھیں کہ کیا آپ یا کوئی اور ان کے لیے دعا کر سکتا ہے۔

اگر کوئی بلند آواز میں دعا کرنے میں غیر آرام دہ محسوس کرتا ہے، تو یہ بھی ٹھیک ہے۔ صبر کریں اور ان پر دباؤ نہ ڈالیں۔ اگر وہ چاہیں تو وہ بھی اپنے ہاتھ اس شخص کے کندھے پر رکھ سکتے ہیں جس نے شیئر کیا، اور آپ یا گروپ میں سے کوئی اور دعا کر سکتا ہے

نوٹ: گروپ کے اندر ہمدردی اور اعتماد کا ماحول بنانا بہت اہم ہے۔ نیچے دی گئی کچھ ہدایات ہیں جو ہم آپ کے خاندان یا گروپ کے ساتھ بات چیت کرنے اور اس کے لیے پابند ہونے کی تجویز دیتے ہیں:

- ہم یہاں سننے کے لیے ہیں، صرف اپنے کانوں سے نہیں، بلکہ اپنے دلوں سے بھی۔
- ہم دیانتدار ہوں گے؛ ہم اپنے تجربات اور خیالات کو ایک دوسرے کے ساتھ بنا کچھ چھپائے، بھروسے کے ساتھ شیئر کریں گے۔
- ہم یہاں ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کے لیے ہیں۔ ہم مذاق یا چھیڑنے کا جواب نہیں دیں گے۔
- ہم فیصلہ نہیں کریں گے، جلدی مشورہ نہیں دیں گے، یا "سب کچھ جاننے والا" رویہ نہیں رکھیں گے۔
- جو یہاں کہا جاتا ہے، وہ یہیں رہتا ہے؛ ہم بغیر اجازت کے اسے دوسروں کے ساتھ شیئر نہیں کریں گے۔

**نوٹ:** اگر کوئی شخص یہ بتاتا ہے کہ وہ غیر محفوظ ہے یا خطرے، زیادتی، یا نظر اندازی کے شکار ہو رہے ہیں، تو آپ کو مناسب ہدایات پر عمل کرنا چاہیے اور مقامی حکام کو رپورٹ کرنا چاہیے۔ اس میں شامل ہیں (a: اگر وہ خود کو نقصان پہنچانے کا سوچ رہے ہیں؛ (b اگر وہ کسی اور کو نقصان پہنچانے کا سوچ رہے ہیں؛ (c اگر کوئی انہیں، کسی بزرگ کو، یا کسی بالغ کو جو خصوصی نگہداشت کی ضرورت ہو، نقصان پہنچا رہا ہے۔

اختیاری: اگر آپ کے پاس وقت ہے، تو آپ ہر سبق کو ایک حمد کا گیت گانے یا اپنے خاندان پر برکت دینے کے ساتھ ختم کر سکتے ہیں۔

جب آپ ملتے ہیں، تو ہم دعا کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کا خاندان یا چھوٹا گروپ افسیوں 1:17-21 کا تجربہ کریں:

میں یہ دعا کرتی ہوں کہ ہمارے خداوند یسوع مسیح کا خدا، جلالی باپ، آپ کو حکمت اور مکاشفہ کی روح دے، تاکہ آپ اسے بہتر طریقے سے جان سکیں۔ میں دعا کرتی ہوں کہ آپ کے دل کی آنکھیں روشن ہوں، تاکہ آپ جان سکیں کہ اس نے آپ کو کس امید کے لیے بلایا ہے، اس کے مقدس لوگوں میں اس کی جلالی میراث کی دولت، اور ہمارے ایمان کے لیے اس کی بے انتہا بڑی طاقت کیا ہے۔ یہ طاقت وہی ہے جیسا کہ طاقتور قوت جو اس نے مسیح کو مردوں میں سے زندہ کرنے اور اسے آسمانی بادشاہی میں اپنے داہنے ہاتھ بٹھانے میں استعمال کی، ہر حکمرانی اور اقتدار، طاقت اور حکومت، اور ہر نام سے، جو نہ صرف موجودہ زمانے میں بلکہ آنے والے زمانے میں بھی پکارا جائے گا، کہیں بلند ہے۔

## بڑے گروہوں کے لیے کس طرح ایڈجسٹ کریں :

بڑے گروپوں (مثلاً مختلف خاندانوں، کلیسیاؤں وغیرہ) کے ساتھ اس تعلیمی مواد کو استعمال کرنے کے لیے، ہم تجویز کرتے ہیں کہ بڑے گروپوں کو 12 یا اس سے کم لوگوں کے چھوٹے گروپوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ بڑے گروپ کی ملاقات کی سہولت فراہم کرنے کی تیاری کرتے ہوئے، چند باتیں ذہن میں رکھیں:

- آپ کو ہر چھوٹے گروپ کے لیے مہارت یافتہ رہنما اور معاون رہنما درکار ہوں گے۔ کوئی بھی اکیلا رہنمائی نہ کرے۔
- ہر چھوٹے گروپ کو بین النسلی رکھنا ضروری ہے۔

بڑے گروپ کی ملاقات میں، ابتدائی سوال اور بائبل کی کہانی کے دوران سب ایک ساتھ رہیں گے۔ جب آپ ابتدائی سوال پوچھیں گے، تو ہر کسی کو جواب دینے کا وقت نہیں ملے گا۔ کچھ جوابات لے کر انہیں بائبل کی کہانی میں شامل کریں۔ بائبل کی کہانی کے بعد، چھوٹے گروپوں میں منتقل ہو جائیں، جہاں گروپ رہنما:

- ابتدائی سوال دوبارہ پوچھیں، ہر کسی کو جواب دینے کا موقع دیں۔
- بائبل کی کہانی کا مختصر خلاصہ دیں، اپنے گروپ کے جوابات کو ابتدائی سوال سے منسلک کرتے ہوئے۔
- اپنے چھوٹے گروپوں کو دعا میں سننے، جرنلنگ، شیئرنگ اور دعا کے ذریعے رہنمائی کرنا جاری رکھیں۔

# پہلا ہفتہ: امید





ابتدائی سوال: **ایسی کونسی چیز ہے جس کی آپ امید کر رہے ہیں؟**




ہم سب کے پاس کچھ چیزیں ہوتی ہیں جن کی ہم امید کرتے ہیں۔ (اپنے خاندان یا گروپ کے ابتدائی سوال کے جوابات شامل کریں—مثال کے طور پر، جیسے ارم امید کرتی ہے کہ وہ اپنا امتحان پاس کرے گی، اور نوید امید کرتا ہے کہ وہ اپنے دوستوں کو دیکھ سکے گا، اسی طرح بنی اسرائیل ایک مسیحا، ایک نجات دہندہ، کی امید کر رہے تھے—کوئی جو انہیں بچا سکے۔ بنی اسرائیل ہزاروں سالوں سے انتظار کر رہے تھے، اور ان سالوں کے دوران کئی نبیوں نے انہیں بتایا کہ نجات دہندہ کیسے آئے گا:

- یسعیاہ 7:14—"دیکھو ایک کنواری حامِلہ ہو گی اور بیٹا پَیدا ہو گا اور وہ اُس کا نام عِمّانُوایل رکھے گی۔"
- یسعیاہ 9:6—"اِس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولّد ہُؤا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی اور اُس کا نام عجِیب مشیر خُدایِ قادِر ابدِیت کا باپ سلامتی کا شاہزادہ ہو گا۔"

بہت دفعہ، ہم نہیں جانتے کہ جو ہم امید کر رہے ہیں وہ کیسے یا کب ہو گا۔ لیکن بنی اسرائیل کو نبیوں کے ذریعے بتایا گیا تھا کہ نجات دہندہ ایک بچے کے طور پر آئے گا، ایک کنواری کے ذریعے پیدا ہو گا۔ سیکڑوں اور سینکڑوں سال گزر گئے، اور جن لوگوں نے یہ الفاظ سنے تھے انہوں نے انہیں اپنے بچوں کو بتایا، جنہوں نے اپنے بچوں کو بتایا، اور اسی طرح—یہاں تک کہ خدا نے نبیوں کے ذریعے جو کچھ کہا تھا وہ بالآخر ہوا (لوقا 1:1-2)۔ ہماری کہانی آج اس فرشتے کے مریم کو ظاہر ہونے سے شروع ہوتی ہے، ایک کنواری...

لوقا 1:26-38 کی کہانی سنائیں، اہم واقعات شامل کریں جیسے:

- خدا نے فرشتہ جبرائیل کو مریم کے پاس گلیل بھیجا (آپ گلیل کا نقشہ پر تلاش کر سکتے ہیں)۔
- فرشتہ نے کہا، "... خَوف نہ کر کیونکہ خُدا کی طرف سے تُجھ پر فضل ہُؤا ہے۔ اور دیکھ تُو حامِلہ ہو گی اور تیرے بیٹا ہو گا۔ اُس کا نام یِسُوع رکھنا۔ وہ بُزُرگ ہو گا اور خُدا تعالےٰ کا بیٹا کہلائے گا..."
- مریم نے پوچھا، "یہ کیوں کر ہو گا؟" فرشتے نے جواب دیا، "رُوحُ القُدس تُجھ پر نازِل ہو گا اور خُدا تعالےٰ کی قُدرت تُجھ پر سایہ ڈالے گی اور اِس سبب سے وہ مولودِ مُقدّس خُدا کا بیٹا کہلائے گا... جو قَول خُدا کی طرف سے ہے وہ ہرگز بے تاثِیر نہ ہو گا۔"
- "مریم نے کہا دیکھ میں خُداوند کی بندی ہُوں۔ میرے لئے تیرے قَول کے موافِق ہو۔"



اپنے خاندان کو چند منٹوں کے لیے دعا میں سننا اور جرنلنگ میں مشغول کریں: جب ہم نے یہ بائبل کے الفاظ سنے ہیں، خدا ان کے ذریعے ہم سے بات کر رہا ہے۔ خدا آپ کو اپنے بارے میں، اپنے آپ کے بارے میں، دوسروں کے بارے میں، اور کرنے کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

اضافی سوال: خدا کے کلام میں ایسی کونسی چیز ہے جس کے پورا ہونے کی آپ امید کر رہے ہیں؟



جب سب جریدہ لکھنے کا کام ختم کرنے لگیں، تو ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ شیئر کرے جو خدا نے ان سے بات کی ہے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے لیے دعا کریں۔

**کلیدی آیت:** لوقا 1:38 "...میرے لئے تیرے قَول کے موافِق ہو..."

**اضافی آیات:** عبرانیوں 11:1، میکاہ 5:2

# دوسرا ہفتہ: خوشی





ابتدائی سوال: **ہمیں ایک وقت کے بارے میں بتائیں جب آپ بہت پرجوش تھے۔**




پچھلے ہفتے، ہم نے امید کے موضوع پر توجہ دی اور پڑھا کہ جبرائیل فرشتہ کنواری مریم کے پاس آیا۔ اس ہفتے، ہم لوقا 1:39-56 میں کہانی کو جاری رکھیں گے، جب ہما اپنی فیملی کے ساتھ چھٹیوں پر جانے کی خوشی سے پرجوش تھی، اور مرقس اپنے نئے بھائی کی پیدائش کے وقت پرجوش تھا (اپنے خاندان یا گروپ کے ابتدائی سوال کے جوابات شامل کریں—مثال کے طور پر)، مریم اور اس کی بہن الزبتھ مریم کے نجات دہندہ کے جنم کی خبر سن کر بہت خوش تھیں۔

لوقا 1:39-56 کی کہانی سنائیں، اہم واقعات شامل کریں جیسے :

- مریم اپنے رشتہ دار زکریاہ اور الیشبع کے پاس گئی۔ الیشبع بھی ایک بچے (یوحنا بپتسمہ دینے والا) کی توقع کر رہی تھی، جو اس کی بوڑھی عمر کے سبب ایک معجزہ تھا۔
- اور جُونہی اِلیشبعؔ نے مریم کا سلام سُنا تو اَیسا ہُؤا کہ بچّہ اُس کے رَحِم میں اُچھل پڑا اور اِلیشبعؔ رُوحُ القُدس سے بھر گئی۔ اور بُلند آواز سے پُکار کر کہنے لگی کہ تُو عَورتوں میں مُبارک اور تیرے رَحِم کا پَھل مُبارک ہے۔ اور مُجھ پر یہ فضل کہاں سے ہُؤا کہ میرے خُداوند کی ماں میرے پاس آئی؟۔ کیونکہ دیکھ جُونہی تیرے سلام کی آواز میرے کان میں پُہنچی بچّہ مارے خُوشی کے میرے رَحِم میں اُچھل پڑا۔ اور مُبارک ہے وہ جو اِیمان لائی کیونکہ جو باتیں خُداوند کی طرف سے اُس سے کہی گئی تھیں وہ پُوری ہوں گی!
- مریم نے کہا کہ میری جان خُداوند کی بڑائی کرتی ہے۔ اور میری رُوح میرے مُنجّی خُدا سے خُوش ہُوئی۔ کیونکہ اُس نے اپنی بندی کی پست حالی پر نظر کی اور دیکھ اب سے لے کر ہر زمانہ کے لوگ مُجھ کو مُبارک کہیں گے۔ کیونکہ اُس قادِر نے میرے لئے بڑے بڑے کام کئے ہیں اور اُس کا نام پاک ہے۔ اور اُس کا رحم اُن پر جو اُس سے ڈرتے ہیں پُشت دَر پُشت رہتا ہے۔ اُس نے اپنے بازُو سے زور دِکھایا اور جو اپنے تئِیں بڑا سمجھتے تھے اُن کو پراگندہ کیا۔ اُس نے اِختیار والوں کو تخت سے گرا دیا اور پست حالوں کو بُلند کیا۔ اُس نے بُھوکوں کو اچھّی چیزوں سے سیر کر دیا اور دَولت مندوں کو خالی ہاتھ لوٹا دِیا۔ اُس نے اپنے خادِم اِسرائیل کو سنبھال لیا تاکہ اپنی اُس رحمت کو یاد فرمائے۔ جو ابرہام اور اُس کی نسل پر ابد تک رہے گی جَیسا اُس نے ہمارے باپ دادا سے کہا تھا۔
- مریم تین مہینے کے قریب اُس کے ساتھ رہ کر اپنے گھر کو لوٹ گئی۔



اپنے خاندان کو چند منٹوں کے لیے دعا میں سننا اور جرنلنگ میں مشغول کریں: جب ہم نے یہ بائبل کے الفاظ سنے ہیں، خدا ان کے ذریعے ہم سے بات کر رہا ہے۔ خدا آپ کو اپنے بارے میں، اپنے آپ کے بارے میں، دوسروں کے بارے میں، اور کرنے کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

اضافی سوال: ایسی کونسی چیز ہے جس پر آپ خوشی منا سکتے ہیں اور خدا کا شکر ادا کر سکتے ہیں؟



جب سب جرنلنگ کا کام ختم کرنے لگیں، تو ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ شیئر کرے جو خدا نے ان سے بات کی ہے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے لیے دعا کریں۔

**کلیدی آیت:** لوقا 1:47-49 اور میری رُوح میرے مُنجّی خُدا سے خُوش ہُوئی… کیونکہ اُس قادِر نے میرے لئے بڑے بڑے کام کئے ہیں اور اُس کا نام پاک ہے۔

**اضافی آیات:** فلپیوں 4:4، رومیوں 13:15



# تیسرا ہفتہ: محبت



ابتدائی سوال: **وہ کون سا تحفہ ہے جو آپ نے کسی پیارے کو دیا ہے؟**




پچھلے ہفتے، ہم نے خوشی کے موضوع پر توجہ دی اور پڑھا کہ مریم اور الیشبع نے کیسے خوشی منائی کہ مریم نجات دہندہ کو جنم دے گی۔ اس ہفتے، کہانی متی 1:18-25 اور لوقا 2:1-7 میں جاری ہے۔ (اپنے خاندان یا گروپ کے ابتدائی سوال کے جوابات شامل کریں— مثال کے طور پر، ) اشرف نے اپنے بیٹے کو سائیکل دی، اور ثانیہ نے اپنی بہن کو گڑیا دی۔ جیسے ہم دوسروں کو اپنی محبت دکھانے کے لیے تحفے دیتے ہیں، آج کی کہانی میں، ہم پڑھتے ہیں کہ خدا نے ہمیں نجات دہندہ کا تحفہ دے کر اپنی محبت کیسے دکھائی۔ یوحنا 3:16 میں لکھا ہے: ''کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا، تاکہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔'' یہ ہے کہانی کہ خدا نے ہمیں اپنے بیٹے کا تحفہ کیسے دیا...

کہانی کو **متی 1:18-25، لوقا 2:1-7، اور یوحنا 4:9-10** سے سنائیں، اہم واقعات شامل کریں جیسے:

- جب مریم کی منگنی یوسف سے ہوئی، تو اسے روح القدس کی قدرت سے حاملہ پایا گیا۔
- ایک خواب میں، خداوند کے فرشتہ نے یوسف سے کہا، " اَے یُوسف اِبنِ داؤُد! اپنی بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر کیونکہ جو اُس کے پیٹ میں ہے وہ رُوحُ القُدس کی قُدرت سے ہے۔ اُس کے بیٹا ہو گا اور تُو اُس کا نام یِسُوعؔ رکھنا کیونکہ وُہی اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے نجات دے گا۔" **(متی 1:20-21)**۔ یوسف جاگا اور اس نے وہ سب کچھ کیا جو فرشتہ نے اسے حکم دیا تھا۔
- یہ سب کچھ اس لئے ہُؤا کہ جو خُداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پُورا ہو کہ۔ **(یسعیاہ 7:14)**— "دیکھو ایک کنواری حامِلہ ہو گی اور بیٹا پَیدا ہو گا اور وہ اُس کا نام عِمّانُوایل رکھے گی"۔۔ (دیکھیں عبرانیوں 1:3، کلسیوں 1:15، اور یوحنا 14:9)
- یوسف مریم کو اپنے آبائی شہر بیت لحم لے گیا تاکہ مردم شماری کے لیے اندراج کروا سکے۔ جب وہ وہاں پہنچے، مریم نے ایک بیٹے کو جنم دیا، اور انہوں نے اس کا نام یسوع رکھا، جیسا کہ فرشتہ نے کہا تھا۔
- 1-یوحنا 4:9-10 اس کہانی کا خلاصہ یوں کرتا ہے: جو محبّت خُدا کو ہم سے ہے وہ اِس سے ظاہِر ہُوئی کہ خُدا نے اپنے اِکلوتے بیٹے کو دُنیا میں بھیجا ہے تاکہ ہم اُس کے سبب سے زِندہ رہیں۔ محبّت اِس میں نہیں کہ ہم نے خُدا سے محبّت کی بلکہ اِس میں ہے کہ اُس نے ہم سے محبّت کی اور ہمارے گُناہوں کے کفّارہ کے لئے اپنے بیٹے کو بھیجا۔ (*دیکھیں ضمیمہ A : نجات کی دعا صفحہ 18)



اپنے خاندان کو چند منٹوں کے لیے دعا میں سننا اور جرنلنگ میں مشغول کریں: جب ہم نے یہ بائبل کے الفاظ سنے ہیں، خدا ان کے ذریعے ہم سے بات کر رہا ہے۔ خدا آپ کو اپنے بارے میں، اپنے آپ کے بارے میں، دوسروں کے بارے میں، اور کرنے کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

اضافی سوال: **اس ہفتے آپ خدا کی محبت دوسروں کو کیسے دکھا سکتے ہیں؟**



جب سب جرنلنگ کا کام ختم کرنے لگیں، تو ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ شیئر کرے جو خدا نے ان سے بات کی ہے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے لیے دعا کریں۔

**کلیدی آیت:** یوحنا 3:16 ''کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا، تاکہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔''

**اضافی آیات:** عبرانیوں 1:3، 1 یوحنا 4:9-10، کلسیوں 1:15، یوحنا 14:9

# چوتھا ہفتہ: امن





**ابتدائی سوال: وہ کہاں اور کب ہوتا ہے جب آپ کو سکون/امن محسوس ہوتا ہے؟**




پچھلے ہفتے، ہم نے محبت کے موضوع پر توجہ دی اور پڑھا کہ خدا نے ہمیں اپنے بیٹے یسوع کا تحفہ کیسے دیا۔ اس ہفتے، کہانی لوقا 2:1-21 میں جاری ہے۔ (اپنے خاندان یا گروپ کے ابتدائی سوال کے جوابات شامل کریں—مثال کے طور پر) جیسے عمیر کو پانی کے پاس بیٹھ کر سکون محسوس ہوتا ہے، اور فرح کو نیند آتے وقت سکون محسوس ہوتا ہے، ہم کسی بھی وقت اور کہیں بھی یسوع کے ذریعے سکون حاصل کر سکتے ہیں۔ آج کی کہانی میں، فرشتے چرواہوں کو بتاتے ہیں کہ یسوع، امن کا شہزادہ، پیدا ہوا ہے۔

**لوقا 2:1-21** سے کہانی سنائیں، اہم واقعات شامل کریں جیسے :

- جب مریم اور یوسف بیت لحم میں تھے، مریم کے وضعِ حمل کا وقت آ پہنچا۔ اور اُس کا پہلوٹا بیٹا پیدا ہُوا اور اُس نے اُس کو کپڑے میں لپیٹ کر چرنی میں رکھا کیونکہ اُن کے واسطے سرائے میں جگہ نہ تھی۔
- خداوند کا ایک فرشتہ میدان میں چرواہوں کے پاس ظاہر ہوا، کہہ رہا تھا، " ڈرو مت کیونکہ دیکھو میں تُمہیں بڑی خُوشی کی بشارت دیتا ہُوں جو ساری اُمّت کے واسطے ہو گی۔ کہ آج داؤُد کے شہر میں تُمہارے لئے ایک مُنجی پَیدا ہُؤا ہے یعنی مسیح خُداوند۔ اور اِس کا تُمہارے لئے یہ نِشان ہے کہ تُم ایک بچّہ کو کپڑے میں لپٹا اور چرنی میں پڑا ہُؤا پاؤ گے۔"
- " اچانک ایک بڑا لشکر آسمان سے فرشتے کے ساتھ ظاہر ہوا، خدا کی تعریف کرتے ہوئے کہہ رہا تھا، " عالمِ بالا پر خُدا کی تمجِید ہو اور زمِین پر اُن آدمِیوں میں جِن سے وہ راضی ہے صُلح۔ " فرشتوں کے الفاظ یسعیاہ کی قدیم پیشگوئی کی بازگشت تھے: " اِس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولّد ہُؤا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی اور اُس کا نام عجِیب مُشیر۔ خُدایِ قادِر ابدیت کا باپ سلامتی کا شاہزادہ ہو گا" (یسعیاہ 9:6)۔
- چرواہوں نے جلدی کی اور بچے کو چرنی میں پایا۔ " اور اُنہیں دیکھ کر وہ بات جو اُس لڑکے کے حق میں اُن سے کہی گئی تھی مشہور کی۔ مگر مریم اِن سب باتوں کو اپنے دِل میں رکھ کر غَور کرتی رہی۔ اور چرواہے جیسا اُن سے کہا گیا تھا وَیسا ہی سب کچھ سُن کر اور دیکھ کر خُدا کی تمجِید اور حمد کرتے ہُوئے لَوٹ گئے۔"



اپنے خاندان کو چند منٹوں کے لیے دعا میں سننا اور جرنلنگ میں مشغول کریں: جب ہم نے یہ بائبل کے الفاظ سنے ہیں، خدا ان کے ذریعے ہم سے بات کر رہا ہے۔ خدا آپ کو اپنے بارے میں، اپنے آپ کے بارے میں، دوسروں کے بارے میں، اور کرنے کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

**اضافی سوالات:** آپ کی زندگی کے کن علاقوں میں آپ کو خدا کے سکون کی ضرورت ہے؟ آپ خدا کے سکون کو دوسروں کے ساتھ کیسے شیئر کر سکتے ہیں؟



جب سب جرنلنگ کا کام ختم کرنے لگیں، تو ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ شیئر کرے جو خدا نے ان سے بات کی ہے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے لیے دعا کریں۔

**کلیدی آیت:** یسعیاہ 9:6 "اِس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولّد ہُؤا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی اور اُس کا نام عجِیب مُشیر۔ خُدایِ قادِر ابدیت کا باپ سلامتی کا شاہزادہ ہو گا"

**اضافی آیات:** یوحنا 14:27، افسیوں 2:17، یسعیاہ 11:1-10

# کرسمس کا دن





ابتدائی سوال: **آپ نے اپنی آنکھوں سے کیا خاص چیز دیکھی ہے؟**




پچھلی دفعہ ہم نے امن کے موضوع پر توجہ دی اور پڑھا کہ فرشتوں نے چرواہوں کو امن کی خوشخبری دی۔ آج، کہانی لوقا2:22-33 میں جاری ہے۔ (اپنے خاندان یا گروپ کے ابتدائی سوال کے جوابات شامل کریں—مثال کے طور پر) جیسے کامران نے اپنی آنکھوں سے ناران کاغان میں برف باری دیکھی، اور تانیہ نے اپنے نوزائیدہ بھتیجی کو دیکھا، آج کی کہانی میں ایک آدمی، جس کا نام شمعون تھا، نے اپنی آنکھوں سے وہ چیز دیکھی جس کا وہ بہت عرصے سے انتظار کر رہا تھا: نجات دہندہ۔

لوقا2:22-33 سے کہانی سنائیں، اہم واقعات شامل کریں جیسے :

- یسوع کے پیدا ہونے کے آٹھ دن بعد، یوسف اور مریم اسے ہیکل میں لے کر آئے تاکہ خداوند کے سامنے پیش کریں۔
- شمعون ایک دیندار آدمی تھا جو بہت عرصے سے نجات دہندہ کا انتظار کر رہا تھا۔" اور اُس کو رُوحُ القُدس سے آگاہی ہُوئی تھی کہ جب تک تُو خُداوند کے مسیح کو دیکھ نہ لے موت کو نہ دیکھے گا۔
- وہ رُوح کی ہدایت سے ہَیکل میں آیا اور جِس وقت ماں باپ اُس لڑکے یِسُوع کو اندر لائے تاکہ اُس کے لئے شرِیعت کے دستُور پر عمل کریں۔ تو اُس نے اُسے اپنی گود میں لیا اور خُدا کی حمد کر کے کہا کہ ۔اَے مالک اب تُو اپنے خادِم کو اپنے قَول کے موافِق سلامتی سے رُخصت کرتا ہے۔ کیونکہ میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے۔ جو تُو نے سب اُمتّوں کے رُوبرُو تیّار کی ہے۔تاکہ غَیر قَوموں کو رَوشنی دینے والا نُور اور تیری اُمّت اِسرائیل کا جلال بنے۔" مریم اور یوسف نے اس کی باتوں پر تعجب کیا۔
- کئی سال بعد، پولوس رسول نے یسوع کے بارے میں یہ لکھا: " کیونکہ خُدا کا وہ فضل ظاہِر ہُوا ہے جو سب آدمیوں کی نجات کا باعث ہے۔ اور ہمیں تربِیّت دیتا ہے تاکہ بے دینی اور دُنیَوی خواہِشوں کا اِنکار کر کے اِس موجُودہ جہان میں پرہیزگاری اور راست بازی اور دِین داری کے ساتھ زِندگی گُذاریں۔"(ططس2:11-12)۔



اپنے خاندان کو چند منٹوں کے لیے دعا میں سننا اور جرنلنگ میں مشغول کریں: جب ہم نے یہ بائبل کے الفاظ سنے ہیں، خدا ان کے ذریعے ہم سے بات کر رہا ہے۔ خدا آپ کو اپنے بارے میں، اپنے آپ کے بارے میں، دوسروں کے بارے میں، اور کرنے کے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ آپ خدا سے کسی بھی چیز کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

**اضافی سوال:** خدا نے آپ کے لیے کیا کیا ہے جس کے بارے میں آپ کسی کو بتا سکتے ہیں؟



جب سب جرنلنگ کا کام ختم کرنے لگیں، تو ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ شیئر کرے جو خدا نے ان سے بات کی ہے۔ جب ہر شخص شیئر کرے، تو ان کے لیے دعا کریں۔

**کلیدی آیت:** لوقا2:30-31 "کیونکہ میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے...."

**اضافی آیات:** افسیوں2:8-9، رومیوں6:23، مرقس5:19

# ضمیمہ A: نجات کی دعا

والدین کے لیے نوٹ—

جب آپ آمد کی بائبل کی کہانیوں کے ذریعے گزرتے ہیں، تو آپ اپنے خاندان کے ساتھ نجات (خدا کا بچہ بننا) کے بارے میں گفتگو کرنا چاہیں گے۔ نجات کی دعا کی ایک مثال یہ ہے :

پیارے باپ،

آمد کے دوران، میں نے سیکھا ہے کہ آپ نے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع کو بھیجا تاکہ وہ میرے گناہوں سے مجھے نجات دلائے—یعنی ہر وہ غلطی جو میں نے کبھی کی یا کروں گا، بشمول اس پر یقین نہ کرنے کے۔

میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں اپنے گناہوں کے لیے معافی چاہتا ہوں، اور میں مختلف زندگی گزارنا چاہتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ یسوع میرے لیے موا، قبر سے زندہ ہوا، اور اس نے مجھے معاف کیا ہے۔

مجھے معلوم ہے کہ مستقبل میں مجھے آپ کی مدد کی ضرورت ہو گی، اور میں آپ سے دعا کرتا ہوں کہ آپ مجھے روح القدس دیں تاکہ وہ میری رہنمائی کرے۔

آپ کا شکر ہو۔

یسوع کے نام میں، آمین

TOGETHER for CHILDREN and FAMILIES

A COLLABORATIVE EFFORT OF GLOBAL NETWORKS AND ORGANIZATIONS FOCUSED ON CHILDREN, YOUNG PEOPLE, FAMILIES, PRAYER, AND MISSION.




رابطہ:

**پیبلز اینڈ سٹونز**

info@PebblesandStones.com

www.PebblesandStones.com

**لوزان چلڈرن اینڈ فیملی نیٹ ورک**

cnfnetwork@lausanne.org

https://lausanne.org/network/children-and-family